# وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ

اور اللہ نہیں چاہتا ہے کسی اتراتے بڑائی مارتے کو۔

# الْحَدِيدَ

## بِسْمِ اللّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

---

سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۖ

اللہ کی پاکی (تسبیح) بولتا ہے جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں۔

وَهُوَ ٱلْعَزِيزُ ٱلْحَكِيمُ ﴿١﴾

اور وہی ہے زبردست حکمت والا۔

لَهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۖ يُحْيِۦ وَيُمِيتُ ۖ

اُسی کو راج ہے آسمانوں کا اور زمین کا، جلاتا (زندہ کرتا) ہے اور مارتا ہے،

وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢﴾

اور وہ سب چیز کر سکتا ہے۔

هُوَ ٱلْأَوَّلُ وَٱلْءَاخِرُ وَٱلظَّٰهِرُ وَٱلْبَاطِنُ ۖ

وہ ہے پہلا (اول) اور پچھلا (آخر)، اور باہر (ظاہر) اور اندر (باطن)،

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿٣﴾

اور وہ سب چیز جانتا ہے۔

هُوَ ٱلَّذِى خَلَقَ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضَ فِى سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ ٱسْتَوَىٰ عَلَى ٱلْعَرْشِ ۚ

وہی ہے جس نے بنائے آسمان اور زمین چھ دن میں، پھر بیٹھا تخت پر،

يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِى ٱلْأَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنزِلُ مِنَ ٱلسَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا ۖ

جانتا ہے جو پیٹھتا (داخل ہوتا) ہے زمین میں، اور جو اس سے نکلتا ہے، اور جو اُترتا ہے آسمان سے اور جو اس میں چڑھتا ہے۔

وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنتُمْ ۚ وَٱللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ٤

اور تمہارے ساتھ ہے جہاں کہیں تم ہو۔ اور اللہ! جو کرتے ہو دیکھتا ہے۔

لَّهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۚ وَإِلَى ٱللَّهِ تُرْجَعُ ٱلْأُمُورُ ٥

اسی کو ہے راج آسمانوں کا اور زمین کا۔ اور اللہ ہی تک پہنچتے ہیں سب کام۔

يُولِجُ ٱلَّيْلَ فِى ٱلنَّهَارِ وَيُولِجُ ٱلنَّهَارَ فِى ٱلَّيْلِ ۚ

داخل کرتا ہے رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے دن کو رات میں۔

وَهُوَ عَلِيمٌۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ٦

اور اس کو خبر ہے جیوں (دلوں) کی بات کی۔

ءَامِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِۦ وَأَنفِقُوا۟ مِمَّا جَعَلَكُم مُّسْتَخْلَفِينَ فِيهِ

یقین لاؤ اللہ پر اور اسکے رسول پر اور خرچ کرو جو کچھ تمہارے ہاتھ میں دیا اپنا نائب کر کر۔

فَٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مِنكُمْ وَأَنفَقُوا۟ لَهُمْ أَجْرٌ كَبِيرٌ ٧

سو جو لوگ تم میں یقین لائے، اور خرچ کرتے ہیں ان کو نیگ (اجر) بڑا ہے۔

وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُونَ بِٱللَّهِ ۙ

اور تم کو کیا ہوا؟ کہ یقین نہ لاؤ گے اللہ پر،

وَٱلرَّسُولُ يَدۡعُوكُمۡ لِتُؤۡمِنُواْ بِرَبِّكُمۡ وَقَدۡ أَخَذَ مِيثَٰقَكُمۡ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ ٨

اور رسول بلاتا ہے تم کو یقین لاؤ اپنے رب پر اور لے چکا ہے تم سے تمہارا اقرار، اگر ہو تم ماننے۔

هُوَ ٱلَّذِي يُنَزِّلُ عَلَىٰ عَبۡدِهِۦٓ ءَايَٰتِۭ بَيِّنَٰتٖ لِّيُخۡرِجَكُم مِّنَ ٱلظُّلُمَٰتِ إِلَى ٱلنُّورِۚ

وہی ہے جو اُتارتا ہے اپنے بندے پر آیتیں صاف کہ نکال لائے تم کو اندھیروں سے اُجالے میں۔

وَإِنَّ ٱللَّهَ بِكُمۡ لَرَءُوفٞ رَّحِيمٞ ٩

اور اللہ تم پر نرمی رکھتا ہے مہربان۔

وَمَا لَكُمۡ أَلَّا تُنفِقُواْ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ وَلِلَّهِ مِيرَٰثُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ

اور تم کو کیا ہوا ہے؟ کہ خرچ نہ کرو گے اللہ کی راہ میں، اور اللہ کو بچ رہتا ہے ہر کچھ آسمانوں میں اور زمین میں۔

لَا يَسۡتَوِي مِنكُم مَّنۡ أَنفَقَ مِن قَبۡلِ ٱلۡفَتۡحِ وَقَٰتَلَۚ

برابر نہیں تم میں، جس نے خرچ کیا فتح سے پہلے اور لڑا۔

أُوْلَٰٓئِكَ أَعۡظَمُ دَرَجَةٗ مِّنَ ٱلَّذِينَ أَنفَقُواْ مِنۢ بَعۡدُ وَقَٰتَلُواْۚ وَكُلّٗا وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلۡحُسۡنَىٰۚ

ان لوگوں کا درجہ بڑا ہے، ان سے جو خرچ کریں اس سے پیچھے، اور لڑیں۔ اور سب کو وعدہ دیا ہے اللہ نے خوبی کا۔

وَٱللَّهُ بِمَا تَعۡمَلُونَ خَبِيرٞ ١٠

اور اللہ کو خبر ہے جو تم کرتے ہو۔

مَّن ذَا ٱلَّذِي يُقۡرِضُ ٱللَّهَ قَرۡضًا حَسَنٗا فَيُضَٰعِفَهُۥ لَهُۥ وَلَهُۥٓ أَجۡرٞ كَرِيمٞ ١١

کون ہے ایسا جو قرض دے اللہ کو اچھی طرح قرض، پھر وہ اس کو دونا کر دے اسکے واسطے، اور اس کو ملے نیگ (اجر) عزت کا۔

يَوْمَ تَرَى ٱلْمُؤْمِنِينَ وَٱلْمُؤْمِنَـٰتِ يَسْعَىٰ نُورُهُم بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَبِأَيْمَـٰنِهِم

جس دن تو دیکھے ایمان والے مردوں کو اور عورتوں کو، دوڑتی چلتی ہے ان کی روشنی ان کے آگے اور ان کے داہنے،

بُشْرَىٰكُمُ ٱلْيَوْمَ جَنَّـٰتٌ تَجْرِى مِن تَحْتِهَا ٱلْأَنْهَـٰرُ خَـٰلِدِينَ فِيهَا ۚ

خوشخبری ہے تم کو آج کے دن باغ ہیں نیچے بہتیں جن کے نہریں، سدا رہیں ان میں

ذَٰلِكَ هُوَ ٱلْفَوْزُ ٱلْعَظِيمُ ﴿١٢﴾

یہ جو ہے یہی ہے بڑی مراد ملنی ۔

يَوْمَ يَقُولُ ٱلْمُنَـٰفِقُونَ وَٱلْمُنَـٰفِقَـٰتُ لِلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱنظُرُونَا نَقْتَبِسْ مِن نُّورِكُمْ

جس دن کہیں گے دغاباز مرد اور عورتیں، ایمان والوں کو ہماری راہ دیکھو (خیال رکھو) ہم بھی سلگا لیں تمہاری روشنی سے،

قِيلَ ٱرْجِعُوا۟ وَرَآءَكُمْ فَٱلْتَمِسُوا۟ نُورًا

کسی نے کہا الٹے جاؤ پیچھے، پھر ڈھونڈھ لو روشنی ۔

فَضُرِبَ بَيْنَهُم بِسُورٍ لَّهُۥ بَابٌۢ بَاطِنُهُۥ فِيهِ ٱلرَّحْمَةُ وَظَـٰهِرُهُۥ مِن قِبَلِهِ ٱلْعَذَابُ ﴿١٣﴾

پھر کھڑی کر دی انکے بیچ میں ایک دیوار جس کو (میں) ایک دروازہ۔ اسکے اندر میں مہر (رحمت) ہے اور باہر کی طرف عذاب ۔

يُنَادُونَهُمْ أَلَمْ نَكُن مَّعَكُمْ ۖ

یہ ان کو پکارتے ہیں، کیا ہم نہ تھے تمہارے ساتھ،

قَالُوا۟ بَلَىٰ وَلَـٰكِنَّكُمْ فَتَنتُمْ أَنفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَٱرْتَبْتُمْ وَغَرَّتْكُمُ ٱلْأَمَانِىُّ

وہ بولے کیوں نہ تھے؟ لیکن تم نے بچلا (فتنے میں ڈال) دیا آپ کو اور راہ دیکھتے رہے، اور دھوکے میں پڑے اور بہکے خیالوں پر،

حَتَّىٰ جَآءَ أَمْرُ ٱللَّهِ وَغَرَّكُم بِٱللَّهِ ٱلْغَرُورُ ﴿١٤﴾

جب تک آ پہنچا حکم اللہ کا، اور تم کو بہکایا اللہ کے نام سے اس دغاباز (شیطان) نے ۔

فَٱلۡيَوۡمَ لَا يُؤۡخَذُ مِنكُمۡ فِدۡيَةٌ وَلَا مِنَ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْۚ

سو آج تم سے نہیں قبول چھڑوائی (فدیہ) دینی، اور نہ منکروں سے۔

مَأۡوَىٰكُمُ ٱلنَّارُۖ هِيَ مَوۡلَىٰكُمۡۖ وَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ ١٥

تم سب کا گھر دوزخ ہے۔ وہی ہے رفیق تمہاری اور بُری جگہ جا پہنچے۔

أَلَمۡ يَأۡنِ لِلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَن تَخۡشَعَ قُلُوبُهُمۡ لِذِكۡرِ ٱللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ ٱلۡحَقِّ

کیا وقت نہیں (آ) پہنچا ایمان والوں کو؟ کہ گڑگڑائیں ان کے دل اللہ کی یاد سے، اور جو اترا سچا دین،

وَلَا يَكُونُواْ كَٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ مِن قَبۡلُ فَطَالَ عَلَيۡهِمُ ٱلۡأَمَدُ فَقَسَتۡ قُلُوبُهُمۡۖ

اور نہ ہوں جیسے جن کو کتاب ملی اس سے پہلے، پھر لمبی گزری ان پر مدت، پھر سخت ہو گئے ان کے دل۔

وَكَثِيرٌ مِّنۡهُمۡ فَٰسِقُونَ ١٦

اور بہت ان میں بے حکم ہیں۔

ٱعۡلَمُوٓاْ أَنَّ ٱللَّهَ يُحۡيِ ٱلۡأَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَاۚ

جان رکھو کو! کہ اللہ جلاتا (زندہ کرتا) ہے زمین کو اس کے مرے پیچھے۔

قَدۡ بَيَّنَّا لَكُمُ ٱلۡأٓيَٰتِ لَعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُونَ ١٧

ہم نے کھول سنائے تم کو پتے (آیات)، اگر تم کو بوجھ ہے۔

إِنَّ ٱلۡمُصَّدِّقِينَ وَٱلۡمُصَّدِّقَٰتِ وَأَقۡرَضُواْ ٱللَّهَ قَرۡضًا حَسَنًا

تحقیق (یقیناً) جو لوگ خیرات کرنے والے مرد اور عورتیں، اور قرض دیتے ہیں اللہ کو اچھی طرح قرض،

يُضَٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ أَجْرٌ كَرِيمٌ ﴿١٨﴾

ان کو ملتی ہے دونی، اوران کو نیگ (اجر) ہے عزت کا۔

وَٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦٓ أُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلصِّدِّيقُونَ ۖ

اور جو لوگ یقین لائے اللہ پر اور سب اس کے رسولوں پر، وہی ہیں سچے ایمان والے۔

وَٱلشُّهَدَآءُ عِندَ رَبِّهِمْ لَهُمْ أَجْرُهُمْ وَنُورُهُمْ ۖ

اور احوال بتانے والے اپنے رب کے پاس۔ ان کو ہے ان کا نیگ (اجر) اور ان کی روشنی۔

وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَكَذَّبُواْ بِـَٔايَٰتِنَآ أُوْلَٰٓئِكَ أَصْحَٰبُ ٱلْجَحِيمِ ﴿١٩﴾

اور جو منکر ہوئے اور جھٹلائیں ہماری باتیں وہ ہیں دوزخ کے لوگ۔

ٱعْلَمُوٓاْ أَنَّمَا ٱلْحَيَوٰةُ ٱلدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ

جان رکھو! کہ دنیا کا یہی ہے کھیل اور تماشا، اور بناؤ اور بڑائیاں کرنی آپس میں،

وَتَكَاثُرٌ فِى ٱلْأَمْوَٰلِ وَٱلْأَوْلَٰدِ ۖ

اور بہتات ڈھونڈنی مال کی اور اولاد کی۔

كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ ٱلْكُفَّارَ نَبَاتُهُۥ ثُمَّ يَهِيجُ

جیسے کہاوت ایک مینہ کی جو خوش (اچھا) لگا کسانوں کو، انکا سبزہ اُگنا، پھر زور پر آتا ہے،

فَتَرَىٰهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُونُ حُطَٰمًا ۖ

پھر تو دیکھے زرد ہوگیا، پھر ہو جاتا ہے روندن (بھس)۔

وَفِى ٱلۡأَخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغۡفِرَةٌ مِّنَ ٱللَّهِ وَرِضۡوَٲنٌ‌ۚ

اور پچھلے گھر (آخرت) میں سخت مار ہے اور معافی بھی ہے اللہ سے اور رضامندی۔

وَمَا ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَآ إِلَّا مَتَـٰعُ ٱلۡغُرُورِ ﴿٢٠﴾

اور دنیا کا جینا تو یہی ہے جنس دغا کی۔

سَابِقُوٓاْ إِلَىٰ مَغۡفِرَةٍ مِّن رَّبِّكُمۡ وَجَنَّةٍ عَرۡضُهَا كَعَرۡضِ ٱلسَّمَآءِ وَٱلۡأَرۡضِ

دوڑو اپنے رب کی معافی کو اور بہشت کو جس کا پھیلاؤ ہے جیسے پھیلاؤ آسمان اور زمین کا،

أُعِدَّتۡ لِلَّذِينَ ءَامَنُواْ بِٱللَّهِ وَرُسُلِهِۦ‌ۚ

رکھی ہے واسطے ان کے جو یقین لائے اللہ پر اور اس کے رسولوں پر۔

ذَٲلِكَ فَضۡلُ ٱللَّهِ يُؤۡتِيهِ مَن يَشَآءُ‌ۚ وَٱللَّهُ ذُو ٱلۡفَضۡلِ ٱلۡعَظِيمِ ﴿٢١﴾

یہ بڑائی اللہ کی ہے، دے جس کو چاہے، اور اللہ کا فضل بڑا ہے۔

مَآ أَصَابَ مِن مُّصِيبَةٍ فِى ٱلۡأَرۡضِ وَلَا فِىٓ أَنفُسِكُمۡ إِلَّا فِى كِتَـٰبٍ مِّن قَبۡلِ أَن نَّبۡرَأَهَآ‌ۚ

کوئی آفت نہیں پڑی ملک میں، اور نہ آپ تم میں جو نہیں لکھی ایک کتاب میں، پہلے اس سے کہ پیدا کریں ہم اسکو دنیا میں

إِنَّ ذَٲلِكَ عَلَى ٱللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٢٢﴾

بیشک یہ اللہ پر آسان ہے۔

لِّكَيۡلَا تَأۡسَوۡاْ عَلَىٰ مَا فَاتَكُمۡ وَلَا تَفۡرَحُواْ بِمَآ ءَاتَٮٰكُمۡ‌ۗ

تا (کہ) تم غم نہ کھایا کرو اس پر جو ہاتھ نہ آیا اور نہ ریجھا (اترایا) کرو اس پر جو تم کو اس نے دیا۔

وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخۡتَالٖ فَخُورٍ ٢٣

اور اللہ نہیں چاہتا ہے کسی اتراتے بڑائی مارتے کو۔

ٱلَّذِينَ يَبۡخَلُونَ وَيَأۡمُرُونَ ٱلنَّاسَ بِٱلۡبُخۡلِۗ وَمَن يَتَوَلَّ فَإِنَّ ٱللَّهَ هُوَ ٱلۡغَنِيُّ ٱلۡحَمِيدُ ٢٤

وہ جو آپ نہ دیں، اور سکھائیں لوگوں کو نہ دینا۔ اور جو کوئی منہ موڑے تو اللہ آپ ہے بے پرواہ سب خوبیوں سراہا۔

لَقَدۡ أَرۡسَلۡنَا رُسُلَنَا بِٱلۡبَيِّنَٰتِ وَأَنزَلۡنَا مَعَهُمُ ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡمِيزَانَ لِيَقُومَ ٱلنَّاسُ بِٱلۡقِسۡطِۖ

ہم نے بھیجے ہیں اپنے رسول نشانیاں دے کر اور اتاری ان کے ساتھ کتاب اور ترازو کہ لوگ سیدھے رہیں انصاف پر،

وَأَنزَلۡنَا ٱلۡحَدِيدَ فِيهِ بَأۡسٞ شَدِيدٞ وَمَنَٰفِعُ لِلنَّاسِ

اور ہم نے اتارا لوہا، اس میں سخت لڑائی (زور) ہے، اور لوگوں کے کام چلتے (فائدے) ہیں،

وَلِيَعۡلَمَ ٱللَّهُ مَن يَنصُرُهُۥ وَرُسُلَهُۥ بِٱلۡغَيۡبِۚ

اور تا (کہ) معلوم کرے اللہ کون مدد کرتا ہے اس کی اور اس کے رسولوں کی بن دیکھے!

إِنَّ ٱللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٞ ٢٥

بیشک اللہ زور آور ہے زبردست۔

وَلَقَدۡ أَرۡسَلۡنَا نُوحٗا وَإِبۡرَٰهِيمَ وَجَعَلۡنَا فِي ذُرِّيَّتِهِمَا ٱلنُّبُوَّةَ وَٱلۡكِتَٰبَۖ

اور ہم نے بھیجے نوح اور ابراہیم، اور رکھی دونوں کی اولاد میں پیغمبری اور کتاب،

فَمِنۡهُم مُّهۡتَدٖۖ وَكَثِيرٞ مِّنۡهُمۡ فَٰسِقُونَ ٢٦

پھر کوئی ان میں راہ پر ہے، اور بہت ان میں بے حکم (فاسق) ہیں۔

ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلَىٰٓ ءَاثَٰرِهِم بِرُسُلِنَا وَقَفَّيْنَا بِعِيسَى ٱبْنِ مَرْيَمَ وَءَاتَيْنَٰهُ ٱلْإِنجِيلَ

پھر پیچھے بھیجے ان کی پچھاڑی پر اپنے رسول اور پیچھے بھیجا عیسیٰ مریم کا بیٹا اور اس کو دی انجیل ،

وَجَعَلْنَا فِى قُلُوبِ ٱلَّذِينَ ٱتَّبَعُوهُ رَأْفَةً وَرَحْمَةً

اور رکھی اس کے ساتھ چلنے والوں کے دل میں نرمی اور مہر (رحم دلی) ۔

وَرَهْبَانِيَّةً ٱبْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَٰهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ٱبْتِغَآءَ رِضْوَٰنِ ٱللَّهِ

اور ایک دنیا چھوڑنا (رہبانیت) انہوں نے نیا نکالا (ایجاد کیا) ہم نے ان پر نہ لکھا (فرض کیا) تھا مگر چاہنے کو رضا مندی اللہ کی ،

فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا ۖ

پھر نہ نباہا اس کو جیسا چاہیئے نباہنا ،

فَـَٔاتَيْنَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مِنْهُمْ أَجْرَهُمْ ۖ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ فَٰسِقُونَ ﴿٢٧﴾

پھر دیا ہم نے ان کو جو ان میں ایماندار تھے ، ان کا نیگ (اجر) اور بہت ان میں بے حکم ہیں ۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ وَءَامِنُوا۟ بِرَسُولِهِۦ

اے ایمان والو! ڈرتے رہو اللہ سے اور یقین لاؤ اس کے رسول پر ،

يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِن رَّحْمَتِهِۦ وَيَجْعَل لَّكُمْ نُورًا تَمْشُونَ بِهِۦ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۚ

دیوے تم کو دو بوجھے (حصے) اپنی مہر (رحمت) سے ، اور رکھ دے تم میں روشنی ، جس کو لئے پھرو اور تم کو معاف کرے ۔

وَٱللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٢٨﴾

اور اللہ معاف کرنے والا ہے مہربان ۔

لِّئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ ٱلْكِتَٰبِ أَلَّا يَقْدِرُونَ عَلَىٰ شَىْءٍ مِّن فَضْلِ ٱللَّهِ ۙ

تا (کہ) نہ جانیں کتاب والے کہ پا نہیں سکتے کچھ اللہ کا فضل،

وَأَنَّ ٱلْفَضْلَ بِيَدِ ٱللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَآءُ ۚ

اور یہ کہ بزرگی اللہ کے ہاتھ ہے، دیتا ہے جس کو چاہے۔

وَٱللَّهُ ذُو ٱلْفَضْلِ ٱلْعَظِيمِ ﴿٢٩﴾

اور اللہ کا فضل بڑا ہے۔

---

**********

**© Copy Rights:**
*Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana*
**Lahore, Pakistan**
**www.quran4u.com**